© rasailojaraid.com

تبصرے

(۱) فن اسماء الرجال تقطیع متوسط ضخامت ۱۱۰ صفحات قیمت ۲/۷۵
(۲) چاند کی تسخیر تقطیع خورد ضخامت ۴۳ صفحات قیمت ۶۰/-
کتابت و طباعت بہتر۔ از مولانا محمد تقی الدین ندوی مظاہری۔
پتہ:- مکتبۂ فلاح دارین، ترکیسر ضلع سورت۔ گجرات۔

(۱) فن اسماء الرجال علم حدیث کے متعلقہ علوم میں سب سے زیادہ اہم فن ہے بلکہ حق یہ ہے کہ حدیث کی بنیاد تمام تر اسی فن پر ہے جس کے ذریعہ محدثین نے معتبر اور غیر معتبر احادیث و روایات میں انتہائی پیدا کرکے دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی کر دکھایا۔ یہ عظیم اور جلیل فن خالص مسلمانوں کی ایجاد ہے اور ایجاد بھی کیسی؟ یورپ اس پر حیران ہے اور بڑے بڑے دشمنان اسلام نے اس کا اعتراف کیا ہے۔ مسلمانوں نے اس فن سے صرف حدیث میں نہیں بلکہ تاریخ اور حد یہ ہے کہ شعر و ادب تک میں اسی سے کام لیا ہے۔ اب حدیث پر اردو زبان میں بہت کافی لٹریچر جمع ہو گیا ہے۔ لیکن غالباً اس فن پر یہ پہلی کتاب ہے جو اردو میں لکھی گئی ہے۔ اس میں فاضل مولف نے جو حدیث کے استاد اور اس سلسلہ میں کئی وقیع کتابوں کے مصنف ہیں۔ اصول جرح و تعدیل اور پھر انہیں کے مطابق اخبار، آثار اور روایات کی قسمیں فن کی ضرورت اور اس کی افادیت اور اہمیت وغیرہ غرض وہ تمام امور بیان کئے ہیں جو فن کے موضوع بحث ہیں۔ آخر میں اس فن اور اس کے متعلقات پر قدیم و جدید کتابوں کی جو فہرستیں دی گئی ہیں وہ حدیث کے اساتذہ اور طلبا کے لئے بھی بہت مفید ہیں۔ شکر اللہ سعی المولف وجزاہ۔

(۲) گذشتہ چند مہینوں میں تسخیر قمر یا سائنس اور اسلام پر جو مختلف تحریریں ہماری نظر

© rasailojaraid.com